
# آوارہ کتوں سے متعلق عوامی تجربات

**20٪** پاکستانیوں کے مطابق اُن کےساتھ کبھی ایسا واقعہ پیش آیا ہےجب کسی آوارہ کتے نے اُن کا پیچھاکیا، اور اُنہیں اپنی حفاظت کے لیے بھاگنا پڑا؛ ایسے واقعات کا سامنا کرنے کی شرح شہری رہائشیوں **25%** اور مردحضرات **23%** میں زیادہ پائی گئی۔

کیا کبھی آپ کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آیا کہ کتا آپ کے پیچھے لگا ہوا ہو اور آپ اپنے تحفظ کے لیے بھاگ رہیں ہوں؟




Source: Gallup & Gilani Pakistan (www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk www.gilanifoundation.com)

GALLUP PAKISTAN
Affiliated with Gallup International
Pakistan's Foremost Social Research Lab

(Also emailed*/faxed separately)

# پریس ریلیز

رائے عامہ سروے

عوامی رائے

## آوارہ کتوں سے متعلق عوامی تجربات

**20% پاکستانیوں کے مطابق اُن کے ساتھ کبھی ایسا واقعہ پیش آیا ہے جب کسی آوارہ کتے نے اُن کا پیچھا کیا، اور اُنہیں اپنی حفاظت کے لیے بھاگنا پڑا؛ ایسے واقعات کا سامنا کرنے کی شرح شہری رہائشیوں (25%) اور مرد حضرات (23%) میں زیادہ پائی گئی۔**

(گیلپ اینڈ گیلانی سروے)


(اسلام آباد)، 11 جون 2026

گیلپ & گیلانی پاکستان کے ایک حالیہ سروے کے مطابق، 20% پاکستانیوں کے مطابق اُن کے ساتھ کبھی ایسا واقعہ پیش آیا ہے جب کسی آوارہ کتے نے اُن کا پیچھا کیا اور اُنہیں اپنی حفاظت کے لیے بھاگنا پڑا، جبکہ 76% نے ایسا کوئی واقعہ پیش نہ آنے کی اطلاع دی۔

سروے میں ملک بھر سے شماریاتی طور پر منتخب خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ **"کیا کبھی آپ کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آیا کہ کتا آپ کے پیچھے لگا ہوا اور آپ اپنے تحفظ کے لیے بھاگ رہیں ہوں؟"**۔ اس سوال کے جواب میں 20% جوابدہندگان کے مطابق "ہاں" اُن کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آیا ہے، جبکہ 76% جوابدہندگان کے مطابق "نہیں" اُن کے ساتھ ایسا واقعہ پیش نہیں آیا ہے اور 4% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں اس حوالے سے معلوم نہیں ہے یعنی اُن کی کوئی یقینی رائے نہیں ہے۔

مجموعی طور پر، سروے سے ظاہر ہوتا ہے کہ اگرچہ زیادہ تر پاکستانیوں کو ایسا واقعہ پیش نہیں آیا ہے جب کسی آوارہ کتے نے اُن کا پیچھا کیا، اور اُنہیں اپنی حفاظت کے لیے بھاگنا پڑا، تاہم ہر 5 میں سے 1 پاکستانی کو ایسے واقعات کا سامنا ہو چکا ہے۔ شہری رہائشیوں اور مرد حضرات میں ایسے واقعات کا سامنا کرنے کا امکان زیادہ پایا گیا ہے، جو عوامی تحفظ کے اقدامات اور آگاہی کی اہمیت کو اجاگر کرتا ہے، خاص طور پر شہری علاقوں میں۔


**"کیا کبھی آپ کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آیا کہ کتا آپ کے پیچھے لگا ہوا اور آپ اپنے تحفظ کے لیے بھاگ رہیں ہوں؟"**




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*


گیلانی ریسرچ فاؤنڈیشن کا حالیہ سروے گیلپ انٹرنیشنل سے منسلک گیلپ اور گیلانی پاکستان کی مدد سے کیا گیا۔ یہ سروے پاکستان کے چاروں صوبوں کی دیہی و شہری آبادی کی 780 خواتین اور مرد حضرات سے 15 جنوری 2026 تا 3 فروری 2026 میں کیا گیا ہے۔ غلطی کے امکان کا تخمینہ شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 3%-2± لگایا گیا ہے۔ اس سروے میں ڈیٹا اکٹھا کرنے کا طریقہ فون انٹرویو تھا۔

**دیہی-شہری علاقوں کے اعتبار سے نتائج:** شہری علاقوں کے 25% جواب دہندگان نے بتایا کہ اُن کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آیا ہے جب کسی آوارہ کتے نے اُن کا پیچھا کیا، اور اُنہیں اپنی حفاظت کے لیے بھاگنا پڑا، جبکہ دیہی علاقوں میں رہنے والے 17% افراد کو ایسے واقعات کا سامنا کرنا پڑا۔ جس سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ شہری علاقوں میں آوارہ کتوں کے پیچھے لگنے کے واقعات نسبتاً زیادہ ہیں۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**جنس کے اعتبار سے نتائج:** جنس کے اعتبار سے بھی اس حوالے سے فرق نمایاں رہا۔ 17% خواتین کی نسبت مرد حضرات کی 23% شرح نے بتایا کہ اُن کے ساتھ ایسا واقعہ پیش آیا ہے جب کسی آوارہ کتے نے اُن کا پیچھا کیا، اور اُنہیں اپنی حفاظت کے لیے بھاگنا پڑا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مرد حضرات کو ایسی صورتحال کا سامنا نسبتاً زیادہ کرنا پڑتا ہے، ممکنہ طور پر نقل و حرکت کے رجحانات یا گھر سے باہر گزارے جانے والے وقت کی وجہ سے۔




*Source: Gallup & Gilani Pakistan*
*(www.gallup-international.com; www.gallup.com.pk, www.gilanifoundation.com)*

**_Opinion Poll from Gallup Pakistan_**
*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Thursday, 11 June 2026**

*(3 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not-for-profit public service project to provide social science research to students, academia, policymakers, and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently, Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*
*Gallup Pakistan*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as* ***Gallup Pakistan*** *(not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by* ***Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association.***

*For more details about the Gallup International Association and to stay connected, please visit:*

- Official Website: www.gallup-international.com
- Instagram: https://www.instagram.com/gallup_international
- Facebook: https://www.facebook.com/people/Gallup-International-Association/100089179655116/
- LinkedIn: https://www.linkedin.com/company/gallup-international-association

Daily Gilani Poll
2026

celebrating 46 years of Gallup Pakistan (1980-2026)